AQF / Shabbir

29-04-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں YUGM اختراعی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

2- جموں و کشمیر اسمبلی نے اتفاق رائے سے ایک قرارداد منظور کرکے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

3- اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کل سے شروع ہونے والی چار دھام یاترا سے قبل انتظامات کا جائزہ لیا۔

4- کامرس کے وزیر پیوش گوئل نے برطانیہ کے ساتھ آزادانہ تجارت کے سمجھوتے کے بارے میں برطانیہ کے اپنے ہم منصب J Reynolds کے ساتھ بات چیت کی ہے۔

5- بھارتی خواتین کی Baseball ٹیم نے ایشیا کپ 2025 کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

6- اور : کرکٹ میں ویبھو سوریہ ونشی IPL کی تاریخ میں سینچری بنانے والے سب سے کم عمر کھلاڑی بن گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-YUGM

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں YUGM کانکلیو میں شرکت کریں گے۔ YUGM سنسکرت زبان کا لفظ ہے، جس کے معنی امتزاج ہے۔ یہ اپنی طرح کا اسٹریٹجک نوعیت کا پہلا کانکلیو ہوگا، جس میں حکومت، اکیڈمیا، صنعت اور اختراعی دنیا کے رہنما شرکت کریں گے۔ یہ بھارت کے اختراعی سفر میں تعاون کرے گا، جس کی قیادت حکومتی اداروں اور وادھوانی فاؤنڈیشن کا ایک ہزار 400 کروڑ روپے کا مشترکہ سرمایہ کاری والا پروجیکٹ کررہا ہے۔×

J&K ASSEMBLY

جموں و کشمیر اسمبلی نے اتفاق رائے سے ایک قرارداد منظور کی ہے، جس میں پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی گئی ہے۔ سخت الفاظ کی ایک قرارداد میں اسمبلی نے اِس واقعے پر غم و غصہ کا اظہار کیا اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل

ڈالنے اور ملک اور جموں و کشمیر کی ترقی میں رکاوٹ پیدا کرنے کے ناپاک عزائم کو شکست دینے کے لیے پختہ عزم کے ساتھ لڑنے کا عہد کیا۔ یہ قرارداد زبانی ووٹ سے منظور کرلی گئی۔ اِسے اسمبلی کے خصوصی اجلاس کے دوران نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے پیش کیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Gulshan Raina**

*مذکورہ قرار داد میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی کی اِس طرح کی حرکت کشمیریت اور ہمارے آئین کی اقدار نیز اتحاد، امن اور ہم آہنگی پر سیدھا حملہ ہے، جو طویل عرصے سے جموں و کشمیر اور ہمارے ملک کی خصوصیت رہی ہے۔ ایوان نے حملے کے تناظر میں جموں و کشمیر کے لوگوں کی کوششوں کی ستائش بھی کی۔ قرارداد میں معاشرے کے سبھی طبقوں، خاص طور پر میڈیا سے یہ اپیل کی گئی ہے کہ وہ غیر ذمہ دارانہ طریقے سے جذبات کو ہوا دے کر اِس ناپاک سازش کا شکار نہ ہوں۔ اسمبلی نے سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی سرکاروں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ کشمیری طلبا اور جموں و کشمیر سے باہر رہنے والے یا سفر کرنے والے لوگوں کی سلامتی، وقار اور خیر و عافیت کو یقینی بنائیں اور انھیں ہراساں کیے جانے، تفریق برتنے یا ڈرانے دھمکانے کے کسی بھی طرح کے واقعے کی روک تھام کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔*

*جموں سے گلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......*

اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا کہ دہشت گردی شروع ہونے کے بعد سے پہلگام حملے کے بعد پہلی بار کشمیر کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف پُرزور انداز سے آواز اٹھائی ہے۔ وزیراعلیٰ نے پورے خطے میں اِس واقعے کی مذمت کیے جانے اور لوگوں کے غم و غصہ کا تذکرہ کیا۔

## LOC-FIRING

جموں و کشمیر میں کل رات کنٹرول لائن سے متصل کچھ مقامات پر پاکستانی فوج نے فائرنگ کی، جس کا بھارتی فوج نے موثر انداز سے جواب دیا۔ محکمۂ دفاع کے ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستانی فوج نے کپواڑہ اور بارہمولہ ضلعے کے ساتھ ساتھ اکھنور سیکٹر میں کنٹرول لائن سے متصل علاقوں میں بلاجواز فائرنگ کی۔ بھارتی فوجیوں نے تیزی کے ساتھ مؤثر انداز سے جوابی فائرنگ کی۔ البتہ کسی طرح کے جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔x

## CHAR DHAM YATRA

اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکرسنگھ دھامی نے کل سے شروع ہورہی ’چار دھام یاترا 2025‘ کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے

ریاست کے سبھی ضلع کلکٹروں کے ساتھ میٹنگ کی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب دھامی نے کہا کہ عقیدت مند، 2 مئی سے کیدار ناتھ دھام میں بابا کیدار کے درشن کرسکیں گے۔ چاردھام یاترا 2025 کیلئے رجسٹریشن گزشتہ کل سے شروع ہوچکا ہے۔ خصوصی صلاحیت کے حامل افراد، معمر شہریوں اور غیر ملکی شہریوں کیلئے خصوصی کاؤنٹرس قائم کئے جارہے ہیں۔

اس کے علاوہ 20 فری رجسٹریشن کاؤنٹرس بھی قائم کئے گئے ہیں۔ اتراکھنڈ حکومت نے سالانہ یاترا میں شرکت کرنے والے عقیدت مندوں کی تعداد کے پیش نظر وسیع تر انتظامات کئے ہیں۔ یاترا کے تحت ہزاروں عقیدت مند یمنوتری، گنگوتری، کیدارناتھ اور بدری ناتھ کے پوتر مقامات کا درشن کرتے ہیں۔x

## SHIVRAJ MEETING

زراعت، کسانوں کی بہبود اور دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کل نئی دلی میں ملک بھر کے سبھی 731 کرشی وگیان کیندروں کے ساتھ ورچوئل وسیلے سے بات چیت کی۔ اپنے خطاب میں جناب چوہان نے زرعی شعبے کو مستحکم بنانے کی خاطر ایک ایسا موقف اختیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا، جس میں متعلقہ مہم کا اہم رول ہو۔ انھوں نے کہا کہ 45 فیصد آبادی کا دارومدار زرعی شعبے پر ہے اور ملک کی GDP میں اِس کا حصہ 18 فیصد ہے۔x

## MAHA-WAVES

مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ دویندر فڑنویس نے کہا ہے کہ Waves-2025 کی میزبانی کرنا مہاراشٹر کیلئے قابل فخر ہے۔ انہوں نے ایک مئی سے 4 مئی تک ممبئی میں منعقد ہونے والی اس تقریب میں شرکت کرنے کی لوگوں سے اپیل کی ہے۔ جناب فڑنویس نے Waves کو بھارت کی تخلیقی مہارت کے عالمی اسٹیج پر مظاہرے کا بڑا موقع قرار دیا۔ تخلیقی معیشت اور اس کے ذریعہ ملازمت کے مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے جناب فڑنویس نے ممبئی کو عالمی تفریحی صنعت کی راجدھانی بنانے کے عزم کو دہرایا۔

## CHHTTISGARH SCIENCE CENTRE

وزیراعظم نریندر مودی نے گذشتہ اتوار کو نشر کیے گئے من کی بات پروگرام میں چھتیس گڑھ میں نکسلیوں کی سرگرمیوں سے متاثرہ دانتے واڑہ ضلع میں قائم کیے گئے سائنس سینٹر کا تذکرہ کیا تھا۔ یہ سائنس سینٹر علاقے میں رہنے والے بچوں میں سائنسی طرزِ فکر کو بڑھاوا دینے میں اہم رول ادا کر رہا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے : V/C Vikalp Shukla

وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں چھتیس گڑھ میں نکسلیوں کی سرگرمی سے متاثرہ دانتے

واڑہ ضلع میں قائم کیے گئے سائنس سینٹر کا ذکر کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ یہ سائنس سینٹر بچوں اور اُن کے والدین کے لیے امید کی نئی کرن بن گیا ہے۔ دانتے واڑہ ضلع پنچایت کے CEO جینت Nahta نے کہا کہ دور دراز کے اِس علاقے میں سائنس سینٹر کے قائم ہونے سے مقامی طلبا کو بھی سائنس کے بارے میں اُسی طرح کی معلومات حاصل ہو رہی ہیں، جو بڑے شہروں میں رہنے والے بچوں کو ملتی ہیں۔ S/B Jayant Nahta

جو خطہ تشدد اور انتشار کے لیے جانا جاتا تھا، وہاں یہ سائنس سینٹر امید اور ترقی کی ایک علامت کے طور پر ابھرا ہے۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UK-INDIA-FTA**

کامرس اور صنعتوں کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے برطانیہ کے کاروبار اور تجارت کے وزیر Jonathan Reynolds سے دونوں ممالک کے درمیان آزادانہ تجارتی معاہدے، FTA کی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیلئے کل لندن میں ملاقات کی۔ جناب گوئل، سرمایہ کاری تعلقات اور دو طرفہ تجارت کو مستحکم کرنے کے مقصد سے دو روزہ بات چیت کیلئے لندن پہنچے ہیں۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ بھارت اور برطانیہ کے درمیان آزادانہ تجارتی معاہدے سے متعلق بات چیت کو نئی شکل دی جارہی ہے اور دونوں فریق معاہدے پر آگے بڑھنے کے تئیں پُرعزم ہیں۔×

**INDIA-US TRADE DEAL**

امریکہ کے وزیر خزانہ Scott Bessent نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت، امریکہ کے ساتھ تجارتی سمجھوتے کو حتمی شکل دینے والے پہلے ملکوں میں سے ایک بن سکتا ہے۔ جناب Bessent نے بھارت کے نسبتاً کھلے تجارتی ماحول اور محدود غیر محصولاتی رکاوٹوں کو تیز رفتار ترقی کے بڑے عوامل قرار دیا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں ہوا، جب امریکہ کی جانب سے گزشتہ مہینے بڑے پیمانے پر محصولات متعارف کرائے جانے سے عالمی تجارتی کشیدگی میں اضافہ ہورہا ہے۔×

**IIP-MARCH**

صنعتی پیداوار کے اشاریئے، IIP کے ذریعہ پیمائش کردہ بھارت کی صنعتی پیداوار کی شرح ترقی، مارچ کے مہینے میں 3 فیصد

تک پہنچ گئی، جس کی فروری کے مہینے میں نظرثانی شدہ شرح ترقی دو اعشاریہ سات فیصد تھی۔ سابقہ فروری کے مہینے کے مقابلے مارچ میں IIP کے تین بڑے اجزاء میں سے بجلی کی پیداوار میں چھ اعشاریہ تین فیصد، مینوفیکچرنگ میں 3 فیصد، جبکہ کانکنی کی سرگرمیوں میں صفر اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا۔x

## PUNJAB DRONE SYSTEM

پنجاب میں ڈرون شکن نظام کی آزمائش مکمل کرلی گئی ہے اور بھارت - پاکستان سرحد پر اِسے نصب کرنے کا سلسلہ جلد شروع ہوجائے گا۔ اِس طرح سرحد پار سے ڈرون کے ذریعے منشیات، ہتھیاروں اور دھماکہ خیز مادے کی اسمگلنگ کی روک تھام کی جا سکے گی۔ پنجاب پولیس کے سربراہ گورو یادو نے کہا کہ امور داخلہ کی وزارت اور سرحدی حفاظتی فورس BSF کے ساتھ تال میل کرکے اِس ڈرون شکن نظام کو نصب کیا جائے گا۔x

## TRUMP EXECUTIVE ORDER

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امیگریشن پر مرکوز نیا ایگزیکیٹو حکم نامہ جاری کیا ہے، جس میں ٹرک ڈرائیوروں جیسے تجارتی ڈرائیوروں کیلئے انگریزی زبان کی مہارت کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ جناب ٹرمپ نے دلیل دی ہے کہ اس بات کی کئی سالوں سے ضرورت تھی، جسے بڑے پیمانے پر نظرانداز کرتے ہوئے عوامی حفاظت کو جوکھم میں ڈالا گیا۔ ایک دیگر پیش رفت میں امریکہ کے ایوان نمائندگان نے ڈیپ فیک فحش نگاری کے پھیلاؤ کی روک تھام کیلئے دو پارٹی بل کو منظوری دی ہے۔ یہ بل چھیڑ چھاڑ کے ذریعہ فحش مواد تیار کرنے میں مصنوعی ذہانت کے غلط استعمال سے متعلق بڑھتے تحفظات کا جواب ہے۔x

## PAKISTAN BLAST

پاکستان میں، انتشار سے دوچار خیبر پختون خواہ صوبے میں گل امن کمیٹی کے دفتر میں ایک طاقتور بم دھماکہ ہونے سے کم از کم 7 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 9 زخمی ہوئے۔ ابھی تک کسی بھی گروپ نے اِس حملے کی ذمہ داری نہیں لی ہے۔x

## NEW POPE CONCLAVE

ویٹکن نے اعلان کیا ہے کہ آنجہانی پوپ فرانسس کے جانشین کو منتخب کرنے کیلئے بند کمرے میں ہونے والا کانکلیو 7 مئی سے شروع ہوگا۔ یہ فیصلہ Congregation of Cardinals کے اجلاس میں لیا گیا، جو فی الحال 21 اپریل کو پوپ فرانسس کی وفات کے بعد سے بدلاؤ کے عمل کی دیکھ بھال کررہا ہے۔ روایات کے مطابق ووٹنگ کا عمل Sistine چیپل میں انجام پائے گا، جسے تیاریوں کے پیش نظر گزشتہ کل سیاحوں کیلئے بند کردیا گیا ہے۔x

## BJP-CANDIDATE

BJP نے راجیہ سبھا کے ضمنی انتخاب کیلئے آندھرا پردیش سے اپنے امیدوار کے طور پر پاکا وینکٹ ستیہ نارائن کے نام کا اعلان کیا ہے۔ BJP کی مرکزی انتخابی کمیٹی نے کل جناب پاکا وینکٹ ستیہ نارائن کے نام کو حتمی شکل دی۔x

## BASEBALL

بھارتی خواتین کی Baseball ٹیم نے ایشیا کپ 2025 کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ بینکاک میں کوالیفائر میچوں کے Super Round مرحلے میں بھارتی خواتین نے تھائی لینڈ کو چھ۔پانچ سے ہرا دیا۔ بھارت لگاتار چوتھی بار Baseball کے ایشیا کپ میں کھیلے گا۔ آج سونے کے تمغے کے لیے بھارت کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہوگا۔x

## IPL-CRICKET

IPL کرکٹ میں کل رات جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رایلز نے گجرات ٹائٹنس کو 8 وکٹ سے کراری شکست دی۔ اِس کامیابی میں ویبھو سوریہ ونشی کی تاریخی سینچری اور یشسوی جیسوال کے 70 رن کا اہم رول رہا۔ جیسوال آخر تک آؤٹ نہیں ہوئے۔

گجرات ٹائٹنس نے راجستھان رایلز کے سامنے 210 رن کا نشانہ رکھا تھا، جو اُس نے محض 15 اوورس اور 5 گیندوں میں صرف 2 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ ویبھو سوریہ ونشی نے صرف 38 گیندوں پر 101 رن بنائے۔ اُنھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ اِس طرح سوریہ ونشی نے کئی نئے ریکارڈ قائم کیے۔ وہ IPL کی تاریخ میں سینچری بنانے والے سب سے کم عمر کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انھوں نے ٹورنامنٹ کی تاریخ میں دوسری سب سے تیز رفتار سینچری بنائی ہے۔ اِس کے علاوہ وہ سب سے تیز رفتار سینچری بنانے والے بھارتی کھلاڑی بھی بن گئے ہیں۔

آج نئی دلی میں Delhi Capitals کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔x

## WOMEN CRICKET

خواتین کرکٹ میں آج کولمبو میں تین ملکوں کی سیریز میں بھارت کا مقابلہ جنوبی افریقہ سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق صبح دس بجے شروع ہوگا۔ ہرمن پریت کور کی زیر کمان بھارتی ٹیم نے اتوار کو سری لنکا کو 9 وکٹ سے ہراکر اپنی مہم کا شاندار آغاز کیا۔x

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں چین کے شہر Xiamen میں Sudirman کپ فائنلس میں گروپ D کے ایک اہم میچ میں آج بھارت کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہوگا۔ بھارت کو کوارٹر فائنل میں پہنچنے کی اپنی امید برقرار رکھنے کے لیے انڈونیشیا کو ہرانا ہوگا کیونکہ گروپ کی اول دو ٹیمیں ہی اگلے راؤنڈ کے لیے کوالیفائی کریں گی۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ – ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: بھارت مزید 26 رافیل طیارے خریدے گا، فرانس کے ساتھ 63 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے میرین طیاروں کی خریداری کیلئے بین حکومتی معاہدے پر دستخط۔ اسی خبر کو ملاپ نے بھی اپنے صفحہ اول پر نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے کہ LOC پر پاکستان کی پھر بلا اشتعال فائرنگ، بھارت نے دیا پاکستان کو منہ توڑ جواب۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا سمیت کئی دیگر اخبارات نے پہلگام دہشت گردانہ حملے پر جموں وکشمیر اسمبلی کے خصوصی اجلاس میں مذمتی قرار دادا منظور کئے جانے اور ہلاک ہونے والے سیاحوں کو خراج عقیدت پیش کئے جانے کی خبر کو اپنے پہلے صفحہ پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ ہندوستان ایکسپریس ودیگر اخبارات نے صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مرمو کے 71 شخصیات کو پدم ایوارڈز سے نوازے جانے کی خبر کو اپنے صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔

بھارت کی پاکستان پر ڈیجیٹل اسٹرائک، پاکستان کے 16 یوٹیوب چینلز پر بھارت نے لگائی پابندی، اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے اپنے پہلے صفحہ پر پیش کیا ہے۔ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے سازشی تہور رانا کی حراست کی مدت میں 12 دن کی توسیع کے جانے کی خبر کو بھی اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ پرتاپ اور راشٹریہ سہارا سمیت کچھ دیگر اخبارات نے OTT پلیٹ فارم اور سوشل میڈیا پر فحش مواد نشر کرنے کے معاملے پر سپریم کورٹ کی طرف سے مرکزی حکومت کو نوٹس جاری کئے جانے کی خبر کو اپنے صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں YUGM اختراعی اجلاس میں شرکت کریں گے۔

-2 جموں و کشمیر اسمبلی نے اتفاق رائے سے ایک قرارداد منظور کرکے پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔

-3 اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے کل سے شروع ہونے والی چار دھام یاترا سے قبل انتظامات کا جائزہ لیا۔

-4 کامرس کے وزیر پیوش گوئل نے برطانیہ کے ساتھ آزادانہ تجارت کے سمجھوتے کے بارے میں برطانیہ کے اپنے ہم منصب J Reynolds کے ساتھ بات چیت کی ہے۔

-5 بھارتی خواتین کی Baseball ٹیم نے ایشیا کپ 2025 کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

-6 اور : کرکٹ میں ویبھو سوریہ ونشی IPL کی تاریخ میں سینچری بنانے والے سب سے کم عمر کھلاڑی بن گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---